F. 6-4 (Edit) /2016 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्
قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 09/11/2016

اردو زبان کے فروغ میں یونانی اطبا کا اہم رول: پروفیسر ارتضیٰ کریم

یونانی میڈیسن پینل کی میٹنگ کا انعقاد

نئی دہلی : آزادی سے قبل طب یونانی کا ذریعۂ تعلیم عربی و فارسی تھا، لیکن آزادی کے بعد ان تمام کتابوں کے تراجم اردو میں کرائے گئے اور اس سے متعلق عربی اور انگریزی اصطلاحات بھی اردو میں تیار کی گئیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اردو زبان کے فروغ میں یونانی اطبا کا اہم رول رہا ہے، جس سے انکار ممکن نہیں۔ آج بھی یونانی طب کی جو اصطلاحات استعمال ہو رہی ہیں وہ اردو میں ہیں۔ یہ باتیں کونسل کے صدر دفتر میں منعقدہ یونانی میڈیسن پینل کی میٹنگ میں قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے کہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ کونسل اپنے کو صرف اردو ادب تک ہی محدود نہیں رکھنا چاہتی بلکہ دوسرے علوم وفنون کے تراجم کے ذریعہ اردو کے خزانے کو مزید وسعت دینا چاہتی ہے تاکہ اس سے زیادہ سے زیادہ اردو کا فروغ ممکن ہو سکے اور یہی کونسل کا مقصد بھی ہے۔ اس پینل کی صدارت پروفیسر حکیم سید ظل الرحمٰن نے کی۔ انھوں نے پچھلی میٹنگ میں لیے گئے فیصلے کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ تقریباً سارے مضامین کا کام مکمل ہو گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ کونسل کا یہ بہت بڑا منصوبہ تھا۔ اگر مکمل نصاب تیار کرلیا گیا تو کونسل کا طب یونانی کی دنیا میں ایک بڑا کارنامہ ہوگا۔ اس کے لیے انھوں نے تمام ممبران کی طرف سے کونسل کے ڈائرکٹر کا شکریہ ادا کیا۔

اس موقع پر ڈاکٹر شبیر احمد نے کہا کہ فی الوقت پورے ملک میں ساٹھ یونانی کالجز ہیں وہاں پڑھنے والے تمام طلبہ کو نہ صرف بالواسطہ بلکہ براہ راست کونسل کی جانب سے تیار کردہ کتابوں سے فائدہ ہوگا۔ ان کتابوں کی خصوصیت یہ ہوگی کہ ان کے ڈائی گرام رنگین ہوں گے تمام اصطلاحات اردو کے علاوہ انگریزی میں قوسین میں ہوں گی اور اس میں شامل تمام تر معلومات عصری تقاضوں کو پورا کریں گی۔ اس کام کے لیے کونسل کی جتنی بھی تعریف کی جائے وہ کم ہوگی۔

میٹنگ میں پروفیسر حکیم سید ظل الرحمٰن، پروفیسر زین العابدین، ڈاکٹر شبیر احمد، ڈاکٹر سیما اکبر، کونسل کے پرنسپل پبلی کیشن آفیسر ڈاکٹر شمس اقبال، ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی (اسسٹنٹ ڈائرکٹر اکیڈمک)، جناب فیروز عالم (اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر)، محترمہ ذیشان فاطمہ (ریسرچ آفیسر) اور ڈاکٹر شاہد اختر نے شرکت کی۔

(رابطہ عامہ سیل)